فوری ریلیز کے لیے: 23/7/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے باشندوں کو شدید گرمی کے خطرات سے بچانے کے لیے ایجنسیز کی باہمی کاوشوں کا اعلان کیا

انہوں نے ریاست بھر کے لیے شدید گرمی کے حوالے سے عملی منصوبہ بنانے کے لیے قانون سازوں سے گورنر کے سالانہ خطاب کے حکم نامے کو آگے بڑھایا

ایجنسی کے اقدامات میں پسماندہ کمیونٹیز کو بڑھتے درجہ حرارت کے اثرات سے بچانے کو ترجیح حاصل ہے

عبوری تجاویز کی مکمل رپورٹ کا یہاں جائزہ لیں

آج گورنر Kathy Hochul نے ان اقدامات کا اعلان کیا جو ریاستی ایجنسیز اور بااختیار ادارے پسماندہ کمیونٹیز اور موسمی تبدیلی کے باعث واقع ہونے والے ملسلسل بڑھتے درجہ حرارت کی وجہ سے خطرے کا شکار نیو یارک کے دیگر باشندوں پر شدید گرمی کے اثرات سے نمٹنے میں مدد کے لیے بروئے کار لائیں گے۔ ان اقدامات کی جڑیں گورنر کے 2022 کے قانون سازوں سے سالانہ خطاب کے حکم نامے سے اٹھتی ہیں جو کمیونٹی پر موسمیاتی اثرات میں کمی لانے میں مدد کرنے اور گرمی کے باعث خطرے سے دوچار ہونے کی اوّلین صف میں موجود پسماندہ کمیونٹیز کے لیے معاونت کو ترجیح دینے کے لیے شدید گرمی کے متعلق عملی منصوبہ بنانے کے لیے ہے۔ آج جاری کی گئی عبوری تجاویز ایک زیادہ تفصیلی شدید گرمی کے عملی منصوبے کی عکاس ہیں جو ریاست کی زیر قیادت کیے جانے والے ان اقدامات کی شناخت کرے گا جو شدید گرمی کے ساختی اسباب اور اس کے نیو یارک کی پسماندہ کمیونٹیز پر غیر متناسب اثر سے نمٹے گا۔

"شدید گرمی ہر سال نیو یارکے کے کئی باشندوں کی زندگیوں اور روزگار کے لیے خطرہ بنتی ہے، خاص طور پر پسماندہ کمیونٹیز اور غیر سفید فام کمیونٹیز میں رہنے والوں کے لیے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "موسمی تبدیلی کے ساتھ شدید طوفانوں اور شدت کی گرمی میں صرف اضافہ ہی ہو گا اور یہ انتہائی اہم ہے کہ نیو یارک، گرمی کی زد میں آنے سے نمٹنے کے لیے مربوط اور مؤثر منصوبے تیار کرے۔ آج جن تجاویز کا اعلان کیا گیا وہ ان اقدامات کو بروئے کار لانے میں مدد دیتی ہیں جو پہلے سے ہمارے سب سے زیادہ پسماندہ اور غیر متناسب طور پر متاثر رہائشیوں کی اس موسم گرما اور آنے والے سالوں میں حفاظت کرنے کے لیے جاری ہیں۔"

اس سے قبل، اس سال گورنر Hochul نے ریاستی ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن (Department of Environmental Conservation, DEC) اور نیویارک ریاست کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی، NYSERDA کو ہدایت کی کہ موسمی تبدیلی کے باعث ہونے والے شدید گرمی کے مواقع کی کثرت اور شدت سے نمٹنے کا شدید گرمی کا عملی منصوبہ تیار کریں۔ DEC اور NYSERDA نے ایکسٹریم ہیٹ ایکشن پلین ورک گروپ (Extreme Heat Action Plan Work Group, EHAPWG) کا انعقاد کیا جو 20 سے زیادہ ان ایجنسیز پر مشتمل تھا جو تمام ریاستی حکومت میں ان فوری اقدامات پر مل کر کام کر رہی ہیں جو پسماندہ کمیونٹیز میں شدید گرمی کے حوالے سے غیر مساوات سے نمٹنا شروع کریں گے۔

آج جاری کی گئی عبوری تجاویز میں شامل اقدامات اس دوران اہم ضروریات کا احاطہ کرنے کے لیے فوری عملدرامد کے لیے ہیں جبکہ یہ ورکنگ گروپ ایسی طویل تر مدت کی ان مربوط کاوشوں کی تیاری جاری رکھے رہے جو شدید گرمی اور اس کے اثرات کو بڑھانے والی، ایک نظام کے تحت روا رکھی گئی، سماجی غیر مساواتوں کو کم کرنے پر مرکوز ہیں۔ عبوری تجاویز کے لیے کلیدی حصہ داروں کی آراء لی گئی، جن میں پسماندہ کمیونٹیز اور گرمی کے خطرے سے نقصان کی زد میں آنے کا شکار آبادی کے گروپس کے نمائندگان شامل تھے۔ یہ منصوبہ خصوصی طور پر ماحولیاتی آلودگی اور موسمی تبدیلی سے غیر متناشب طور پر متاث کمیونٹیز پر مرکوز ہے اور اور ریاست کے ملازمت، تفریح اور پسماندہ کمیونٹیز کے شعبوں پر ہونے والے شدید گرمی کے اثرات میں کمی لانے کے موجودہ طریقہ کار میں موجود خامیوں کی نشاندہی کرتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "موسمی تبدیلی کے سب سے خطرناک نتائج میں سے ایک یہ ہے کہ بڑھتے درجہ حرارت ہماری کمیونٹیز کی صحت اور فلاح کے لیے خطرہ ہیں۔ DEC گرمی سے متعلقہ امراض کے خطرے سے سب سے زیادہ دوچار پسماندہ کمیونٹیز میں اختراعی حکمت عملیاں لاگو کرنے کے لیے گورنر کے پکارنے کے جواب میں کاروائی جاری رکھیں گے۔ یہ اقدامات، موسمی تبدیلی کے کئی اثرات کو کم کرنے کی ہماری اولین کوششوں کے ساتھ مل کر زندگیاں بچانے اور ریاست بھر میں مساوات اور موسم سے متعلق انصاف کو فروغ دینے میں مددگار ہوں گے۔"

NYSERDA کی صدر اور CEO, Doreen M. Harris نے کہا، "اندرون و بیرون خانہ ٹھنڈک کا انتظام کرنے کے پائیدار اور کم خرچ انتخابات نیو یارک کے کئی باشندوں کی ایک فوری ضرورت ہیں، خاص طور پر جن بہت زیادہ گرم درجہ حرارت کا ہمیں ریاست بھر میں سامنا ہے ان کی موجودگی میں۔ گرمی کی ان لہروں کے سبب پیدا ہونے والے توانائی اور صحت کے بوجھوں کے خاتمے کے لیے یہ باہمی تعاون پر مبنی کاوش ایک اہم قدم ہے اور آج پیش کی گئی تجاویز فقط آغاز ہیں ایک حتمی تفصیلی عملی منصوبے کا جو موسمی تبدیلی کے نتیجے میں زیادہ تواتر سے ہونے والے شدید موسمی حالات کے خلاف زیادہ وسیع تر برداشت کی صلاحیت اور تحفظ فراہم کرے گا۔"

عبوری تجاویز میں کمیونٹیز کو اس موسم گرما میں گرمی سے پیدا ہونے والی ہنگامی صورتحال کے لیے تیار کرنے اور فشدید گرمی سے متعلقہ اثرات اور ضروریات کا احاطہ کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔ تجاویز میں کاروائی کا موقع فراہم کرنے والے چھ شعبوں کی نشاندہی کی گئی ہے: منصوبہ بندی، رابطہ کاری، ٹھندک کے عوامی مقامات، گرمی کے حوالے سے صحت کے انتباہ جاری کرنے کے نظام اور پروٹوکولز، کمیونٹی کے ساتھ شراکت داریاں اور رہائش اور ٹھنڈک کا انتظام۔ EHAP کی تیاری کے دوران زیر عمل لائے جانے والے اور زیرِ منصوبہ بندی فوری اقدامات میں شامل ہیں:

- ٹھنڈک فراہم کرنے والے مراکز اور پناہ گاہوں کی دستیابی میں اضافہ بذریعہ ممکنہ شراکت داروں کی شناخت کہ وہ اپنی سہولت گاہوں کو ٹھنڈک فراہم کرنے والے مراکز کے طور پر پیش کریں، ان کے استعمال کو فروغ دینا اور شدید گرمی سے راحت فراہم کرنے والے ریاستی پارکس، تیراکی کی جگہوں، تفریحی جگہوں اور دیگر ریاستی سہولت گاہوں تک رسائی میں اضافہ۔
- گرم موسم کے واقعات کے دوران صارفین کے ساتھ رابطوں کو بہتر بنانے اور رابطہ منقطع ہونے سے بچنے میں مدد کے لیے گرم موسم کے دوران یکساں استفعادہ دینے والے انتظامات کی تیاری؛
- توانائی کے مؤثر استعمال اور موسم سے ہم آہنگ ہونے کے موجودہ پروگرامز تک رسائی کو بہتر بنانا اور نیو یارک کے کم اور میانہ آمدنی والے اہل باشندوں کے لیے اپنے گھروں کو گرم اور ٹھنڈا رکھنے کے لیے ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام (HEAP) کی دستیاب معاونت کو وسعت دینا؛
- ٹھنڈک اور بجلی کی فراہمی سے منسوب توانائی کی لاگت کے بوجھوں میں کمی کرنے کی ریاست کی طویل مدتی صلاحیت کا جائزہ لینا تاکہ کم آمدنی والے گھرانوں پر پڑنے والے توانائی کے بوجھ کے صحت پر نتائج پر مزید توجہ دی جا سکے؛
- شدید گرمی سے مطابقت پیدا کرنے کے منصوبے کی تیاری جس کی توجہ پسماندہ کمیونٹیز پر اور ماحولیاتی انصاف کی تنظیموں اور کمیونٹیز کے دیگر گروپوں کی باہمی تعاون کرنے اور شدید گرمی کے اثرات کو کم کرنے والی خدمات فراہم کرنے کے مقامی حل تلاش کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنے پر مرکوز ہو؛

- شدید گرمی اور/یا نمی کے حوالے سے انتباہ کے نظاموں میں بہتری لانا اور واضح، یکساں اور درست زبان کے استعمال کو یقینی بنانا؛
- ایک ہیٹ ایمرجنسی کوآرڈینیشن ٹیم کا قیام اور ریاست کے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے تفصیلی منصوبے کے لیے شدید گرمی کے خطرے کے لیے مخصوص ضمیمہ کی 1 جون 2023 تک تیاری؛ اور
- تجویز کردہ قلیل اور طویل مدتی اقدامات پر مؤثر عملدرامد کو یقینی بنانے میں مدد کے لیے موجودہ وسائل اور صلاحیتوں کی ایک تفصیلی تشخیص کی فراہمی۔

اس ہفتے شدید گرمی میں، نیو یارک کی ریاستی ایجنسیز نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے تیار ہیں۔ نیو یارک اسٹیٹ کا ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز موسمی حالات کر نگرانی اور امدادی کاروائیوں کی رابطہ کاری کر رہا ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ کا ڈیپارٹمنٹ آف پبلک سروس گھریلو سہولیات فراہم کنندگان کے سے ساتھ مل کر یہ یقینی بنانے کے لیے کام کر رہا ہے کہ وہ درجہ حرارت کے 100 کی سطح تک پہنچنے کے لیے تیار رہیں۔ DEC اور DOH اس وقت صحت کے حوالے سے ہوا کے معیار کے متعلق رہنمائی جاری کریں گے جب DEC کے ماہرین موسمیات یہ پیشینگوئی کریں کہ آلودگی کے درجات، اوزون یا ننھے ذرات والے اجزاء، کا ہوا کے معیار کے انڈیکس 100 سے تجاوز کر جانے کا امکان ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ کے متعلق ہوا کے معیار کی پیشینگوئی کی معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔ شدید گرمی کے اثرات کے متعلق مزید معلومات کے لیے https://www.dec.ny.gov/energy/125801.html ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418